# 101650 ـ غير مستحق الاؤنس يا انعام لينے كے ليے حيلہ سازى كرنا

**سوال**

ہمارے ملك ميں يونيورسٹى سے فارغ ہونے والے جب خاص فوج كام كرتے ہيں تو حكومت انہيں ماہانہ الاؤنس جارى كرتى ہے، تو ان ميں سے بعض افراد كسى كمپنى كے ساتھ معاہدہ كر ليتے ہيں تا كہ وہ يہ الاؤنس لے سكيں، اور پھر وہ اس كمپنى ميں كام نہيں كرتے، بلكہ وہ كوئى اور كام تلاش كرتے ہيں، چنانچہ اس مال كا حكم كيا ہے ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

جب حكومت يہ تنخواہ اور الاؤنس اس كے ليے مخصوص كرتى ہے جو خصوصى فوج ميں كام كرينگے، كيونكہ عام مصلحت بھى اسى كا تقاضا كرتى ہے، تو اس الاؤنس كو بلا وجہ ايسے طريقہ سے حاصل كرنا جائز نہيں جس كى اجازت نہيں ہے، اس پر مستزاد يہ كہ اس اسلوب ميں جھوٹ اور جعل سازى ہے، اور يہ حرام ہے، مزيد فائدہ اور تفصيل معلوم كرنے كے ليے آپ سوال نمبر ( 93579 ) كے جواب كا مطالعہ ضرور كريں.

واللہ اعلم .